**Fazil / Tausif**

**28-08-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج شام دو ملکوں جاپان اور چین کے دورے پر روانہ ہوں گے۔

2- بھارتی فضائیہ نے شدید بارش کی وجہ سے سیلاب کے بعد جموں خطّے اور شمالی پنجاب میں بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔

3- UIDAI نے ملک کے بھر کے اسکولوں سے کہا ہے کہ وہ بلا تاخیر 5 سے 15 سال کی عمر کے بچوں کے آدھار بایو میٹرک کو اَپڈیٹ کرنے سے متعلق کام کو مکمل کر لیں۔

4- پردھان منتری جن دھن یوجنا نے آج 11 سال مکمل کر لیے ہیں۔

5- اور مرکزی کابینہ نے 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیلوں کے لیے دعوے داری پیش کرنے کو منظوری دے دی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Japan Visit

وزیر اعظم نریندر مودی بھارت اور جاپان کے درمیان 15ویں سالانہ چوٹی کانفرنس میں شرکت کے لیے آج شام جاپان کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ یہ جاپان کے لیے وزیر اعظم کا آٹھواں دورہ ہوگا اور اپنے ہم منصب **Shigeru Ishiba** کے ساتھ پہلی سربراہ کانفرنس ہوگی۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس دورے کے دوران دونوں رہنما بھارت اور جاپان کے درمیان خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری نیز دفاع اور سکیورٹی کے علاوہ تجارت، معیشت، ٹکنالوجی، اختراع کے شعبوں اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلوں کا جائزہ لیں گے۔ دونوں لیڈر علاقائی اور عالمی اہمیت کے حامل امور پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔ یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان دیرینہ خصوصی رشتے کی توثیق کرے گا۔

جاپان میں بھارت کے سفیر **Sibi George** نے ایک انٹرویو کے دوران آکاشوانی کے نامہ نگار کو بتایا کہ وزیر اعظم کے جاپان دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان تعاون کے نئے مواقعوں کی راہ ہموار ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ اعلیٰ سطح پر مذاکرات سے بھارت-جاپان کے درمیان خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری کے ایجنڈے کا موقع فراہم ہوگا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Om Awasthi**

*جاپان میں بھارت کے سفیر **Sibi George** نے کہا ہے کہ ایک خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری بہت اہم اور بھارت-جاپان کے درمیان تنازعے کی کوئی تاریخ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات دوطرفہ ہیں اور اس میں تکسیریت کے نظریات بھی شامل ہے۔*

***Byte...***

*جاپان میں بھارت کے سفیر نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارت امرت کال کے درمیانی دور سے گزر رہا ہے اور یہ سفر بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنائے گا، جس میں عالمی نوعیت کا بنیادی ڈھانچہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جاپان بنیادی ڈھانچے کے کئی پروجیکٹوں پر بھارت کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ جاپان بھارت کو ایک مینوفیکچرنگ مرکز بنانے کے لیے اُس کے ساتھ کام کر رہا ہے۔*

*بھارت کے امرت کال کے سفر میں جاپان ایک بڑا بھروسے مند شراکت دار رہے گا۔ آٹو موبائل سیکٹر کی طرح ایسے دیگر مینوفیکچرنگ شعبے ہیں، جن میں پیشرفت کے پہلو شامل ہیں اور اُن میں پیشرفت جاری ہے۔*

*ٹوکیو سے آکاشوانی نیوز کے لیے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں فیصل خان*

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں وزیر اعظم **31** اگست سے پہلی ستمبر تک چین کا دورہ کریں گے، جہاں وہ چین کے صدر **Xi Jinping** کی دعوت پر **Tianjin** میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ توقع ہے کہ سربراہ کانفرنس کے موقعے پر وزیر اعظم چوٹی کانفرنس میں شرکت کرنے والے دیگر ملکوں کے لیڈروں کے ساتھ بھی باہمی سطح کی بات چیت کریں گے۔

بھارت، **2017** کے بعد سے شنگھائی تعاون تنظیم کا رکن رہا ہے۔ اُس نے **2022-23** کے دوران شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہانِ مملکت کی کونسل کی صدارت بھی سنبھالی ہے۔

PM Finland

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل شام فِن لینڈ کے صدر **Alexander Stubb** سے ٹیلی فون پر بات کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ فِن لینڈ، یوروپی یونین میں بھارت کا اہم شراکت دار ہے۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت، ٹیکنالوجی اور پائیداریت جیسے اہم شعبوں میں تعاون کو مستحکم کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔ اِس کے علاوہ دونوں رہنماؤں نے یوکرین تنازعے کے پُر امن حل کے لیے جاری کوششوں سے متعلق اپنے نظریات کا بھی تبادلہ کیا۔×

IAF Rescue Mission

بھارتی فضائیہ نے جموں خطے اور شمالی پنجاب میں بڑھتی آبی سطح اور تباہ کُن سیلاب کے ردِّ عمل کے طور پر بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ مشن شروع کیے ہیں۔

وزارت دفاع نے ایک بیان میں بتایا کہ بھارتی فضائیہ نے متاثرین کی مدد کے لیے ہیلی کاپٹروں، ٹرانسپورٹ طیاروں اور بھارتی فضائیہ کے دیگر ساز و سامان کو تعینات کیا ہے۔ بیان میں جموں کے اکھنور علاقے اور پنجاب کے پٹھان کوٹ اور ڈیرہ بابا نانک علاقوں میں مسلح اہلکاروں کی زندگی بچانے والے مشنوں کا بھی ذکر کیا گیا۔ وزارت دفاع نے مزید کہا کہ بھارتی فضائیہ، بدلتی صورتحال کے مطابق مزید مشن چلانے کے لیے تیار ہے۔×

Punjab Flood

پنجاب میں سیلاب کا قہر جاری ہے۔ گرداس پور، فیروز پور، فضیلکا، کپور تھلا، امرتسر، ہوشیار پور اور ترن تارن ضلعوں کے کئی گاؤں اور سینکڑوں ایکڑ زرعی زمین پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔

بھارتی فوج، بھارتی فضائیہ، BSF اور NDRF، پنجاب پولیس اور مقامی رضاکاروں کے ساتھ مل کر پھنسے ہوئے لوگوں کو بچانے اور محفوظ مقامات تک منتقل کرنے کے لیے انتھک کوششیں کررہے ہیں۔ موجودہ صورتحال کے مدِ نظر ریلویز نے 65 ٹرینیں منسوخ کردی ہیں اور 25 ٹرینوں کو اپنے مقام تک پہنچنے سے پہلے روک دیا ہے۔ پٹھان کوٹ، لدھیانہ، جالندھر اور امرتسر میں ہیلپ ڈیسک قائم کیے گئے ہیں۔

رنجیت ساگر، پونگ اور بھاکڑا ڈیم کے آبی ذخائر پوری طرح لبریز ہوچکے ہیں۔ اِن ڈیمز سے کنٹرولڈ طریقے سے پانی کا اخراج کیا جارہا ہے۔ پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت سنگھ مان نے گرداس پور کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔×

HP Weather

ہماچل پردیش میں حالیہ شدید بارش کے بعد زندگی کو معمول پر لانے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ مٹّی کے تودے کھسکنے اور سیلاب کی وجہ سے دو قومی شاہراہوں اور 582 سڑکوں کو ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Prabha**

*ہماچل پردیش میں رُک رُک کر مانسون کی بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمۂ موسمیات نے ریاست کے 5 ضلعوں، اونا، ہمیرپور، منڈی، شملہ اور سرمور میں آج شدید بارش کے لیے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ اس دوران چھامبا ضلع میں منی مہیش یاترا پر جانے والے ہزاروں عقیدتمند مختلف مقامات پر پھنسے ہوئے ہیں۔ انتظامیہ نے محفوظ پناہ گاہوں میں اُنہیں ٹھہرنے کی سہولیات فراہم کی ہیں۔ طلبا کے تحفظ کے پیشِ نظر آج بنجار اور منالی سَب ڈویژنوں میں سبھی تعلیمی ادارے بند رکھنے حکم دیا گیا ہے۔ ہماچل پردیش میں اس سال کے مانسون سیزن کے دوران 310 افراد کی جانیں تلف ہو چکی ہیں، جبکہ 38 لوگ اب بھی لا پتہ ہیں۔*

*شدید بارش سے اب تک ریاست میں 3 ہزار 500 سے زیادہ مکانوں کو نقصان پہنچا ہے اور 747 مکانات پوری طرح تباہ ہو گئے ہیں۔*

*شملہ سے پربھا شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر*

NDRF Operations in HP

قومی آفات سے نمٹنے والی فورس NDRF نے ہماچل پردیش کے کانگڑا اور چمبا میں بڑے پیانے پر راحت اور بچاؤ کارروئیوں کے علاوہ لوگوں کو محفوظ مقامات پر پہنچانے کا کام انجام دیا ہے۔ NDRF نے انتہائی خراب موسم کے باوجود گزشتہ دو روز کے دوران 3 ہزار 700 سے زیادہ لوگوں کو بچایا۔

کانگڑا ضلع میں 26 اور 27 اگست کی درمیانی رات سے بیاس دریا طغیانی پر ہے اور اندورا کی اَرنی یونیورسٹی کے احاطے میں سیلاب کا پانی داخل ہوگیا ہے۔ راحتی ٹیم نے 412 طلبا اور اسٹاف کے 15 ارکان سمیت کل 427 افراد کو بحفاظت نکال کر محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا، جبکہ مزید 26 افراد کو بحفاظت یونیورسٹی سے کسی اور جگہ منتقل کر دیا۔ ٹیم نے اندورا سَب ڈویژن کے مانڈ اور Sanor علاقوں میں شدید سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر 15 افراد کو بچایا۔

چمبا ضلع میں NDRF کی ٹیم نے، جسے جاری شری منی مہیش جی یاترا کے لیے تعینات کیا گیا ہے، لوگوں کو بحفاظت نکالنے کی ایک بڑی کوشش شروع کی ہے۔ اُس نے Dunali کے لیے 3 ہزار 269 یاتریوں کو بحفاظت نکال کر دوسرے مقامات پر پہنچا دیا ہے۔×

Telengana - Heavy Rains

تلنگانہ ریاست کے کاما ریڈّی، میدک اور نرمل ضلعے انتہائی شدید بارش سے متاثر ہیں۔ ریاست کے دیگر علاقوں میں بھی شدید بارش ہو رہی ہے۔ کئی گاؤوں ڈوبے ہوئے ہیں، جبکہ شہروں اور قصبوں میں ندیوں اور دریاؤں کے لبریز ہوکر بہنے سے سیلاب آگیا ہے۔ آفات سے بچاؤ کی قومی اور ریاستی ٹیموں نے اب تک کاما ریڈّی ضلع میں 1 ہزار سے زیادہ لوگوں کو بچایا ہے۔

مزیف تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ......

**VC - Lakshmi**

*تلنگانہ میں کچھ ہی دنوں میں ہوئی موسلادھار بارش سے کاما ریڈّی، میدک اور نرمل ضلعوں سمیت دیگر قصبوں اور گاؤوں میں سیلاب آگیا ہے۔ کاما ریڈّی کے علاوہ میدک اور نرمل ضلعوں میں صورتحال اب بھی سنگین ہے، جہاں رہائشی علاقوں میں پانی بھر جانے کے بعد سینکڑوں لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ اِس دوران جنوب وسطی ریلوے نے بارش سے متاثرہ علاقوں سے گزرنے والی 30 ٹرینیں منسوخ کردی ہیں یا اُن کے اوقات میں تبدیلی کی ہے، کیونکہ سیلاب کا پانی پٹریوں کے اوپر سے بہہ رہا ہے۔ تلنگانہ حکومت نے سیلاب سے متاثرہ ضلعوں میں راحت اور بچاؤ اقدامات کی نگرانی کے لیے خصوصی افسران کا تقرر کیا ہے۔ تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈّی، سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا آج فضائی معائنہ کریں گے۔*

*حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر*

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج کے لیے چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، مدھیہ مہاراشٹر اور اتراکھنڈ کے دوردراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے دو سے تین روز کے دوران اُڈیشہ، وِدربھ، مدھیہ پردش ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم اور جھارکھنڈ میں کہیں کہیں شدید بارش ہوگی۔ اگلے ہفتے کے لیے گجرات خطّے، گوا، کونکن اور مدھیہ مہاراشٹر میں بھی اسی طرح کے موسم کے حالات کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، مشرقی راجستھان اور ہریانہ کے دوردراز علاقوں میں اگلے 7 دن کے دوران شدید بارش ہوگی۔ محکمۂ موسمیات نے اس کے بعد دلّی NCR میں 5 دن تک بہت ہلکی سے ہلکی بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

UIDAI School Biometric

بھارت کی منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی UIDAI نے ملک بھر کے اسکولوں سے کہا ہے کہ وہ 5 سال سے 15 سال کی عمر کے درمیان کے بچوں کے لازمی آدھار بایو میٹرک اَپڈیٹ، MBU کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

UIDAI کے CEO بھونیش کمار نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریوں کو اِس بارے میں لکھا ہے اور اُن سے طے شدہ MBU کیمپس منعقد کرانے میں مدد کی درخواست کی ہے۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ UIDAI اور وزارت تعلیم نے قریب 17 کروڑ بچوں کے لیے ''ایجوکیشن پلس'' پلیٹ فارم کی خاطر، یونیفائڈ ڈسٹرک انفارمیشن سسٹم پر زیر التواء MBU میں مدد کے لیے اشتراک کیا ہے۔×

PMJDY - 11 Years

پردھان منتری جن دھن یوجنا PMJDY نے آج 11 سال مکمل کر لیے ہیں۔ یہ دنیا میں ایک سب سے بڑی مالی شمولیت والی پہل ہے، جس کا اعلان وزیر اعظم نریندر مودی نے لال قلعے کی فصیل سے 15 اگست 2014 میں کیا تھا۔ 28 اگست 2014 کو اس پروگرام کو لانچ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اسے غریبوں کو غربت سے نجات دلانے کا جشن قرار دیا تھا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Aman**

*پردھان منتری جن دھن یوجنا مالی شمولیت سے متعلق ایک قومی مشن ہے، جس میں ملک میں سبھی گھرانوں کو بینک کی خدمات فراہم کرنے اور جامع مالی شمولیت میں لانے کے لیے ایک مربوط طریقۂ کار شامل ہے۔ یہ اسکیم بنیادی بچت بینک کھاتے کی دستیابی، ضروری بنیادی قرض تک رسائی، ترسیل زر کی ضرورت، انشورنس اور پنشن جیسی مالی خدمات کی رینج تک رسائی تک کو یقینی بناتا ہے۔*

*پردھان منتری جن دھن یوجنا ہر گھر کے لیے کم از کم ایک بنیادی بینکنگ کھاتے، ساتھ ہی مالی خواندگی اور قرض تک رسائی کے علاوہ انشورنس اور پنشن کی سہولت کے ساتھ بینکنگ سہولیات کی عام رسائی کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔*

*اس میں شہری اور دیہی علاقوں کا احاطہ کیا گیا ہے اور وہ لوگ جنہوں نے کھاتے کھولے ہیں، اُنہیں ڈیبٹ کارڈ (روپے کارڈ) حاصل ہوگا۔ زیرو بیلنس پر کاروباری کوریسپونڈنٹ (بینک مِتر) آؤٹ لیٹ کھاتہ کھولا جا سکتا ہے۔ ہر بینک، بینکوں کے کور بینکنگ نظام پر منحصر ہوتی ہے۔*

*آکاشوانی نیوز کے لیے اَمن یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں فیصل خان*

Rev.Chattisgarh Maoist

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں کل **30** ماؤنوازوں نے خود سپردگی کر دی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ اِن میں سے **20** پر **81** لاکھ روپے کا نقد انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ خود سپردگی کرنے والے ماؤ نواز مختلف واقعات میں ملوث تھے۔ بیجاپور کے ایس پی جتیندر یادو نے بتایا کہ ریاستی سرکار کی بازآبادکاری پالیسی کے تحت ہر ماؤ نواز کو پچاس-پچاس ہزار روپے کی ترغیبی رقم فراہم کی گئی ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Ganesh Chaturthi

مہاراشٹر کے سب سے بڑے تہوار گنیش چتورتھی کو بھارت کی جدو جہد آزادی کے دوران ایک خانگی رسم سے عوامی جشن میں بدلنے کا سہرا مجاہد آزادی بال گنگا دھر تِلک کو جاتا ہے۔ اُن کے نظریے نے عقیدت کو برطانوی راج کے خلاف متحدہ طاقت میں بدل دیا، جس کا نتیجہ اِس تہوار کی جدید شکل میں سامنے آیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Madhav Jaibhaye**

گنیش اُتسو کو عوامی شکل دینے کا سہرا لوک مانیہ بال گنگا دھر تلک کو جاتا ہے۔ انہوں نے **1893** میں پونے میں، اِس طریقے سے جشن منانے کا آغاز کیا، جس کا بنیادی مقصد انگریزوں کے جابرانہ حکمرانی کے تحت ہندوستانیوں میں اتحاد اور قوم پرستی کا جذبہ پیدا کرنا تھا۔

اُسی وقت سے یہ تہوار پورے مہاراشٹر میں بڑے پیمانے پر منایا جارہا ہے۔ اِس سال سے مہاراشٹر حکومت نے سرکاری طور پر گنیش اُتسو کو "ریاستی تہوار" قرار دیا ہے۔ سبھی شعبوں اور ہر عمر کے لوگ اِس تقریبات میں جوش و خروش کے ساتھ شرکت کرتے ہیں۔

جس طرح بھارتی روایت میں یہ کہا جاتا ہے کہ زندگی میں کم سے کم ایک بار کاشی، وارانسی ضرور جانا چاہیے، اُسی طرح مہاراشٹر کے پونے میں گنیش اُتسو کم سے کم ایک بار دیکھنا چاہیے۔

آکاشوانی پونے سے مادھو جئے بھائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر

Rev. Sonowal Ambassadors Roundtable

بندر گاہوں، جہازرانی اور آبی گذر گاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ بھارت کا بحری شعبہ، قابلِ ذکر توانائی کے ساتھ وسعت پارہا ہے۔

’’انڈیا میری ٹائم ویک 2025‘‘ کے لیے بنیادی پہل ’’سفارتکاروں کی گول میز‘‘ سے کل نئی دلّی میں خطاب کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ حکومت صرف ملک کی نمو کے لیے ہی نہیں بلکہ عالمی ترقی اور سپلائی چین لِنک کے لیے صلاحیت کی تعمیر کر رہی ہے۔

**SB - Sonowal - 27 Secs**

-

US - School Shooting

امریکہ کے **Minneapolis** میں کل اسکول میں گولی باری کے دوران دو بچے ہلاک اور 17 دیگر زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق گولی چلانے والے شخص نے خود کو ختم کرنے سے پہلے طلبا کے دعائیہ جلسے کے دوران چرچ کی کھڑکیوں سے گولیاں چلائیں۔ اُس شخص کی **Robin Westman** کے نام سے شناخت ہوئی ہے، جس کی عمر 23 سال ہے۔ 14 زخمی بچوں اور 2 بالغ افراد کو علاج کے لیے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ نے اسے تشدد کی ایک احمقانہ حرکت قرار دیا ہے اور سوگ کے طور پر 31 اگست کو سورج ڈھلنے تک ملک گیر سطح پر پرچم کو سرنگوں کرنے کا حکم دیا ہے۔ ×

Sports Roundup

مرکزی کابینہ نے گجرات کے احمد آباد شہر میں 2030 کے دولتِ مشترکہ کومن ویلتھ کھیلوں کی میزبانی کے لیے بھارت کی دعوے داری کو منظوری دے دی ہے۔ نریندر مودی اسٹیڈیم کھیلوں کا اہم مقام رہے گا، جہاں 2023 میں کرکٹ ورلڈ کپ فائنل کی کامیابی کے ساتھ میزبانی کی گئی تھی۔ توقع ہے کہ اِن کھیل کود مقابلوں سے سیاحت کو فروغ ملے گا، کئی شعبوں میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور ملک گیر سطح پر بڑے پیمانے پر کھیلوں میں شرکت کو تحریک ملے گی۔

بیڈمنٹن میں بھارت نے پیرس میں **BWF** عالمی چیمپئن شپ 2025 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ ستوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی چائنیز تائی پے کے **Liu** اور یانگ کو ہرانے کے بعد پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے تھے، جبکہ پی وی سندھو نے ملیشیا کی کھلاڑی کو سخت چیلنج دیا تھا۔ ×

RSS Chief

راشٹریہ سویَم سَنگھ **RSS** کے چیف موہن بھاگوت نے خود انحصاری کی سخت ضرورت پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ بین الاقوامی تجارت رضاکارانہ طور پر ہونی چاہیے نہ کہ دباؤ کے تحت ہو۔ کل شام نئی دلّی میں **RSS** کے 100 سال پورے ہونے کے موقع پر ایک لیکچر سیریز سے خطاب کرتے ہوئے جناب موہن بھاگوت نے کہا کہ خود انحصاری تمام مسائل کی کُنجی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ملک میں ہی تیار ہونے والی مصنوعات پر ترجیح دی جائے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فیصل

شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے مرکزی کابینہ کے فیصلے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ وزیر اعظم کی صدارت میں مرکزی کابینہ نے ریڑھی پٹری والوں کے لیے وضع کردہ اسکیم کی مدت کو اب 31 مارچ 2030 تک بڑھا دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے ملک کے مختلف حصوں میں شدید بارش سے متعلق خبر کو جگہ دی ہے۔ شمالی بھارت اِن دنوں شدید قدرتی آفات کی زد میں ہے۔ جموں و کشمیر سے اروناچل پردیش کے کئی حصوں میں طوفانی بارش، بادل پھٹنے، اچانک آنے والے سیلاب اور لینڈ سلائڈنگ نے تباہی مچادی۔

روزنامہ ملاپ نے اپنے صفحۂ اول پر سرخی لگائی ہے: مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ''آپریشن مہادیو'' میں شامل بہادر فوجیوں کو اعزاز سے نوازا اور سکیورٹی فورسز کو مبارکباد دی۔

اِسی اخبار نے اپنے آخری صفحے پر اِس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ وزیر اعظم کے جاپان اور چین کے دورے سے قبل ایک پریس بریفنگ کے دوران وزارت خارجہ کے سکریٹری نے بتایا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے اعلامیہ میں دہشت گردی کی شدید مذمت کیے جانے کے لیے بھارت، شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کررہا ہے۔

اردو اخبارات کی کچھ اہم خبریں -

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گنیش چترتھی پر مبارکباد دی۔
- ☆ ملک کے مسلح افواج کو جنگ کے لیے تیار رہنا چاہیے - راج ناتھ سنگھ کا بیان
- ☆ افغانستان میں مسافر بس کھائی میں گری، 50 سے زائد افراد ہلاک۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج شام دو ملکوں جاپان اور چین کے دورے پر روانہ ہوں گے۔

2- بھارتی فضائیہ نے شدید بارش کی وجہ سے سیلاب کے بعد جموں خطّے اور شمالی پنجاب میں بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔

3- UIDAI نے ملک کے بھر کے اسکولوں سے کہا ہے کہ وہ بلا تاخیر 5 سے 15 سال کی عمر کے بچوں کے آدھار بایو میٹرک کو اَپڈیٹ کرنے سے متعلق کام کو مکمل کر لیں۔

4- پردھان منتری جن دھن یوجنا نے آج 11 سال مکمل کر لیے ہیں۔

5- اور مرکزی کابینہ نے 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیلوں کے لیے دعوے داری پیش کرنے کو منظوری دے دی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------